## رکن سندھ اسمبلی بلقیس مختار کی والدہ عالیہ مختار کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی بلقیس مختار کی والدہ محترمہ عالیہ مختار کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے بلقیس مختار سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کا ایک ایک کارکن آپکے غم میں برابر کا شریک ہے اور دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ و ہمت دے۔(آمین)

## کراچی میں آندھی اور طوفانی بارش کے نتیجے میں مختلف واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت
## متاثرہ شہریوں کی ہر ممکن مدد کریں۔حق پرست نمائندوں کو قائد تحریک الطاف حسین کی تاکید

لندن۔۔۔23/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں آندھی اور طوفانی بارش کے نتیجے میں مختلف واقعات میں کئی افراد کے جاں بحق ہونے پر ان کے لواحقین دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کیلئے دعائے مغفرت کی اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔جناب الطاف حسین نے حق پرست نمائندوں کو تاکید کی کہ وہ بارشوں اور آندھی سے متاثر ہونے والے شہریوں کی ہر ممکن مدد کریں۔

## جماعت اسلامی حدود اللہ کی خلاف ورزی کرنے والے فرد کی حمایت کیوں کررہی ہے؟ ارکان قومی اسمبلی
## قاضی حسین احمد کی جانب سے خودکش حملوں کی حمایت میں بیانات ریکارڈ پر ہیں

کراچی۔۔۔23، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے رہنماء متحدہ مجلس عمل کا نقاب پہن کر متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف الزام تراشی کے بجائے قوم کو اس بات کا جواب دیں کہ جماعت اسلامی کے رہنماء حدود اللہ کی خلاف ورزی اور بدکاری کرنے والے فرد کی حمایت کیوں کررہے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اسلام اور حدود اللہ کے نام پر عوام سے ووٹ مانگتی رہی، عوام کو بے وقوف بناتی رہی لیکن آج حدود اللہ کی خلاف ورزی اور بدکاری کرنے والے ایک شخص کے خلاف ریفرنس دائر کیا گیا ہے تو جماعت اسلامی کے رہنماء بدکاری کی حمایت میں سامنے آگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بدکاری کا عمل کرنے والے ایک شخص کے خلاف ریفرنس دائر کیا گیا ہے تو جماعت اسلامی کے رہنماء بدکاری کی حمایت میں سامنے آگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بدکاری کا عمل کرنے والے ایک شخص کے خلاف ریفرنس پر جماعت اسلامی کے رہنماؤں کو تکلیف کیوں ہے اور جماعت اسلامی بدکاری کے عمل کی حمایت کیوں کررہی ہے؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ جس زور وشور سے جماعت اسلامی کے رہنماء بدکاری اور حدود اللہ کے خلاف عمل کرنے والے شخص کی حمایت کررہی ہے اسے دیکھتے ہوئے جماعت اسلامی کا نام جماعت بدکاری رکھ دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماء نئے سال کی خوشیاں منانے والے مرد وخواتین کے خلاف فتوے جاری کرتے ہیں، خواتین کے چہروں پر تیزاب پھینکنے کا درس دیتے ہیں، غریب خواتین اور عوام کو حدود آرڈیننس کے نام پر جیلوں میں قید کرنے کی حمایت کرتے ہیں لیکن جب حدود اللہ کی خلاف ورزی پر ایک امیر اور نامور شخص کے خلاف ریفرنس دائر کیا گیا ہے تو جماعت اسلامی اس کی حمایت کیوں کررہی ہے؟ کیا جماعت اسلامی کی نظر میں امیر اور دولت مندوں کا عیاشی اور بدکاری کرنے کا عمل جائز ہے؟ کیا جماعت اسلامی کی نظر میں سارے قوانین اور شرعی حدود کی سزائیں صرف غریب عوام کیلئے ہیں؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماء عوام کو ان سوالوں کا جواب دیں کیونکہ جہاں تک خودکش حملوں کا تعلق ہے تو قاضی حسین احمد کی جانب سے خودکش حملوں کی حمایت میں بیانات ریکارڈ پر ہیں بلکہ یہ بھی ریکارڈ پر ہے کہ القاعدہ کے نامی گرامی دہشت گرد جماعت اسلامی کے لیڈروں کے گھروں سے پکڑے گئے۔

## ایم کیوایم کے نمائندوں کی پاکستان کیلئے نامزد امریکی سفیر وڈ پیٹرسن سے ملاقات

واشنگٹن۔۔۔22، جون 2007ء

ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگراں ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور ایم کیوایم امریکہ کی مرکزی ایڈوائزری کمیٹی کے انچارج عباد الرحمان پر مشتمل ایم کیوایم کے ایک وفد نے پاکستان میں امریکہ کی نامزد سفیر مس وڈ پیٹرسن سے ملاقات کی جنہیں امریکی سینیٹ کی امور خارجہ کمیٹی کے اجلاس میں بطور سفیر کی نامزدگی کی تصدیق کی گئی۔اس اجلاس کی صدارت سابق صدارتی امیدوار سینیٹر جان کیری نے کی۔بعدازاں مس وڈ پیٹرسن نے ایم کیوایم کے نمائندوں سے ملاقات کی اور مختلف ایشوز سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا جن مین پاکستان کی سیاسی صورتحال، پاک امریکہ تعلقات، پاکستان کے مختلف حصوں میں مذہبی انتہاء پسندی اور پاکستان کی سیاسی، سماجی اور معاشی ترقی میں ایم کیوایم کے کردار جیسے موضوع شامل تھے۔ایم کیوایم کے نمائندوں نے مس وڈ پیٹرسن کو پاکستان کے نئے سفیر کے عہدے پر تقرری کی مبارکباد پیش کی۔مس پیٹرسن نے ایم کیوایم کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان میں ایم کیوایم کے رہنماؤں سے ملاقات میں دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ وہ جلد ہی پاکستان میں ایم کیوایم کے رہنماؤں سے ملاقات کریں گی۔

## رکن سندھ اسمبلی بلقیس مختار کی والدہ عالیہ مختار انتقال کر گئیں، رابطہ کمیٹی و دیگر ارکان نے گھر جا کر تعزیت کی

کراچی۔۔۔23/جون 2007ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ بلقیس مختار کی والدہ محترمہ عالیہ مختار ہفتہ کے روز حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال کرگئی (انا اللہ وانا الیہ راجعون) محترمہ عالیہ مختار کو گزشتہ روز دل کا شدید دورہ پڑا،انہیں فوری طور پر نذیر حسین میڈیکل سینٹر لیجایا گیا،طبیعت زیادہ خراب ہونے کے باعث انہیں فیڈرل بی ایریا میں واقع طبہ اسپتال لے جایا جا گیا۔ڈاکٹروں نے انہیں بچانے کی کوشش کی لیکن آج وہ انتقال کرگئیں۔مرحومہ کی عمر 65 سال تھی۔انہوں نے سوگواران میں شوہر ڈاکٹر مختار احمد، بلقیس مختار سمیت چار بیٹیاں اور تین بیٹے چھوڑے ہیں۔انتقال کی خبر ملتے ہی متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، ارکان رابطہ کمیٹی نیک محمد، ڈاکٹر عاصم رضا، ڈاکٹر نصرت ، رکن سندھ اسمبلی خالد بن ولایت، میڈیا کمیٹی کے انچارج سید سیف عباس حسنی اور شعبہ اطلاعات کے ذمہ داران نے ان کے گھر جا کر بلقیس مختار باجی اور دیگر سوگوار لواحقین سے تعزیت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے ذمہ داران نے حق پرست خاتون رکن سندھ اسمبلی محترمہ بلقیس مختار کی والدہ محترمہ عالیہ مختار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی اور دیگر شعبہ جات کے ارکان نے بلقیس مختار سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر اور حیدرآباد زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن رحمان کے بھائی عبدالعظیم اور ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر B کی سیکٹر کمیٹی کے رکن آصف علی کی والدہ محترمہ رفیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## آندھی اورطوفانی بارشوں کے بعدشہر کے تمام اسپتالوں میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کوشہریوں کو ہنگامی بنیادوں پرطبی امدادفراہم کرنے کی ہدایت

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسیں روانہ

کراچی۔۔۔23/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں آنیوالی آندھی اورطوفانی بارشوں کے نتیجے میں مختلف واقعات میں کئی افراد کے جاں بحق ہونے پران کے لواحقین سے دلی افسوس کااظہارکیاہے۔آندھی اورطوفانی بارشوں کے بعدشہر کے تمام اسپتالوں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسیں روانہ کردی گئیں۔جبکہ رابطہ کمیٹی نے شہر کے تمام اسپتالوں میں موجودایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کےارکان کوہدایت کی ہے کہ وہ آندھی اورطوفانی بارشوں کے باعث مختلف واقعات میں زخمی ہونے والے شہریوں کوہنگامی بنیادوں پرطبی امدادفراہم کریں۔رابطہ کمیٹی نے تمام حق پرست ناظمین کوبھی ہدایت کی کہ وہ موسلادھار بارشوں کے پیش نظرسیوریج سسٹم کومزیدبہتر سے بہتر بنائیں۔

☆☆☆☆☆